# ممکنہ صارفین۔ پوچھے گئے سوالات کے جوابات

**۱۔ بیمہ حیات کیا ہے؟**

بیمہ حیات ایک طویل مدّتی معاہدہ ہے جس میں آپکو نامناسب حالات میں ہونے والے مالی نقصانات کا تحفظ فراہم کیا جاتا ہے جیسے کہ بیماری، معذوری یا وفات۔

**۲۔ یونٹ لنکنگ کیا ہے؟**

یونٹ لنکنگ سسٹم کے تحت، بیمہ کمپنیاں، پریمیم کی ایک مخصوص فیصد کسی سرمایہ فنڈ میں یونٹس کی خرید کیلئے استعمال کرتی ہیں۔ فنڈ کے یونٹس کسی کمپنی کے حصص کے طور پر ہی ہوتے ہیں، فرق صرف یہ ہے کہ ان میں کوئی ڈیویڈنڈ نہیں ملتا۔ ان فنڈز کی نگرانی ماہرین کرتے ہیں جو مالیاتی مارکیٹوں کے بارے میں اپنی تمام تر معمولات کو بروئے کار لا کر اپنے صارفین کیلئے سرمائے سے زیادہ سے زیادہ منافع کے حصول کی تگ و دو میں لگے رہتے ہیں، البتہ فنڈ کی کارکردگی کا انحصار مارکیٹ کی معاشی صورتحال پر ہوتا ہے۔ چنانچہ یونٹ کی قیمت مارکیٹ کی عام منظرنامے کے اعتبار سے گھٹتی بڑھتی ہے۔
چونکہ سرمایہ کاری کے ماہرین فنڈز کی نگرانی میں دوراندیشی سے کام لیتے ہیں، عموماً لمبے عرصے کی صورت میں یونٹ کی قیمت کا رجحان اوپر کی طرف رہتا ہے۔ سرمایہ کاری کے نکتہ نظر سے، فنڈ سے سرمائے کو نشوونما ملتی ہے اور اسکا بدل عموماً فائدہ مند ہوتا ہے۔

**۳۔ ایک روایتی بامنافع پالیسی، ایک یونٹ لنکڈ پالیسی سے کسطرح مختلف ہے؟**

آج تک پاکستان میں جس نوعیت کی بچت پالیسی کا رواج رہا ہے وہ ایک روایتی بامنافع پالیسی ہے، اس قسم کی پالیسی کے نقصانات یہ ہیں کہ صارف کو یہ پتہ ہی نہیں چلتا کہ کمپنی اسکا پیسہ کس طرح استعمال کرتی ہے، کتنا منافع ہوتا ہے، اس منافع میں سے کمپنی کتنا تقسیم کرتی ہے یا حقیقی معنوں میں انتظامی چارجز کیا ہیں۔ اسکے برعکس یونٹ لنکڈ پالیسی منافع کی ایک صاف ستھری اور مساواتی تقسیم مہیا کرتی ہے اور پالیسی کو چلانے میں شفاف ہے۔
یونٹ لنکڈ معاہدے کا نمایاں فیچر یہ ہے کہ سرمائے کے فوائد، پریمیم کی ادائیگی کی تاریخ پر پالیسی ہولڈر کو مختص کئے گئے یونٹس کی تعداد کے اعتبار سے واضح کردئے جاتے ہیں۔

**۴۔ کیا ای ایف یو لائف ایشورنس یونٹ لنکڈ پلان مہیا کرتی ہے؟**

جی ہاں! ای ایف یو لائف کئی قسم کے یونٹ لنکڈ پلان پیش کرتی ہے جو آپکے اہل خانہ کیلئے طویل المدّت تحفظ اور قدر فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے پاس خواتین کی سیونگز اور تحفظ سے متعلق، دادا/ دادی یا نانا/ نانی کی اپنے پوتے/ پوتیوں یا نواسوں/نواسیوں کیلئے مالی منصوبہ بندی، بچوں کی شادی اور تعلیم، قرضے سے تحفظ اور ریٹائرمنٹ وغیرہ جیسی مصنوعات کے پلان موجود ہیں۔

**۵۔ ای ایف یو لائف یونٹ لنکڈ فنڈ میں سرمایہ کاری کے کیا فوائد ہیں؟**

- ☆ فنڈ میں پلان ہولڈر کے حصے کی بنیاد پر سرمائے سے حاصل فوائد کی ایک صاف ستھری تقسیم۔
- ☆ کیش ویلیو سے ہر وقت باخبر رہنا۔ یونٹ کی قیمتیں مستقل بنیاد پر اخبارات میں شائع ہوتی ہیں جس سے سرمایہ کار کو کسی بھی وقت اپنے سرمائے کی قدر کا حساب لگانے میں آسانی ہوتی ہے۔ اس کے برعکس کسی بامنافع پالیسی میں کمپنی کا ایکچوری اس حساب کیلئے حاکم کا کردار ادا کرتا ہے۔
- ☆ یونٹس پالیسی کی شرائط وضوابط کے مطابق کیش میں تبدیل کئے جاسکتے ہیں۔

**۶۔ میں کون سا پلان خریدوں؟**

کوئی بھی بیمہ پلان جو آپکے لئے بہترین ثابت ہوسکتا ہے، اسکا انحصار آپکی بیمے کی ضروریات، عمر، آمدنی کا معیار، آپکی صحت وغیرہ پر ہوتا ہے۔ پالیسی حاصل کرنے کیلئے ہماری ویب سائٹ www.efulife.com پر موجود "Request a consultant" فارم مکمل کیجئے اور ہم اپنا نمائندہ آپکو درکار مدد کیلئے بھیج دیں گے۔ ہمارا نمائندہ ایسے پلان کی نشاندہی کرنے کیلئے اپنا تمام تر تجربہ بروئے کار لائے گا جو آپکی بیمہ ضروریات پر پورا اترتا ہو۔
اگر آپ چاہیں تو اس سلسلے میں، پورے پاکستان میں پھیلی ہوئی ہماری سو سے زیادہ شاخوں میں سے کسی پر بھی حاضر ہوسکتے ہیں۔ آپ ہماری ویب سائٹ پر برانچ لوکیٹر کی سہولت کے ذریعے بآسانی اپنی قریبی شاخ معلوم کرسکتے ہیں۔

**۷۔ ای ایف یو لائف کے پلان سے ہمیں کیا فائدہ ملتا ہے؟**

۱۔ موت / معذوری / طبی امراض کی صورت میں ایک طے شدہ رقم۔
۲۔ اگر کوئی claim نہیں ہوتا، اس صورت میں ایک مجموعہ رقم جو پلان کے اختتام پر ملتی ہے۔ یہ "مجموعہ رقم" ہر پلان کے لئے مختلف ہوتی ہے جس کی تفصیلات پالیسی ڈوکیومنٹ میں موجود ہوں گی۔

**۸۔ اگر میں یونٹ لنکڈ پالیسی خریدتا ہوں تو میری کتنی کیش ویلیو مستقبل میں جمع ہوگی؟**

پالیسی کی کیش ویلیو کا انحصار اُس فنڈ کی کارکردگی پر ہوتا ہے جس میں سرمایہ کاری کی گئی ہوں۔ فنڈ کی کارکردگی پر ملک کے معاشی حالات کا گہرا اثر ہوتا ہے اس لئے درست کیش ویلیو کا تعین کرنا ناممکن ہے۔ تاہم، متوقع کیش ویلیو کا chart بالکل مہیا کیا جاسکتا ہے۔ اس متوقع کیش ویلیو کی بنیاد کچھ ترقی کے مفروضے پر ہوتی ہے۔ یہ بالکل ممکن ہے کہ اصل ویلیو اور متوقع کیش ویلیو مختلف ہوں۔

**۹۔ گذشتہ سالوں میں EFU FUNDS کی کارکردگی کیسی رہی ہیں؟**

ای ایف یو لائف کے فنڈز دن بہ دن منظّم انداز میں ہمارے فنڈ منیجر سنبھالتے ہیں جن کا مقصد بہترین سرمایہ کاری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ unit prices طویل مدت میں بہتر کارکردگی کا رجحان دکھاتے ہے۔ آپ ہماری ویب سائٹ www.efulife.com پر ماضی کی کارکردگی کے رجحانات چارٹ کے ذریعے دیکھ سکتے ہیں۔

**۱۰۔ EFU LIFE کے فنڈز کی سرمایہ کاری کہاں کی جاتی ہیں؟**

EFU LIFE کے فنڈز کی سرمایہ کاری مندرجہ ذیل مالی مصنوعات میں کی جاتی ہیں:
۱۔ کمپنیوں کے Shares میں۔
۲۔ حکومتی بانڈز میں۔
۳۔ Mutual Funds میں۔
۴۔ Fixed Income Securities میں۔

**۱۲۔ میں ای ایف یو لائف سے کیسے رابطہ کروں؟**

ہم اپنے صارفین کی جانب سے کسی بھی سلسلے میں رابطے کو پسند کرتے ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ آپکے سوالات، تجاویز اور آراء وغیرہ ہمیں اپنی خدمات کو مزید بہتر بنانے کی مسلسل کوشش کیلئے ازحد اہمیت کی حامل ہیں،

آپ درج ذیل کسی بھی طریقے سے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:

☆ آپ ہم سے براہ راست ہمارے ہیڈ آفس کے نیچے دئے گئے پتے پر تحریری رابطہ کر سکتے ہیں:

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹیڈ

۳۷ کے بلاک ٦، پی ای سی ایچ سوسائٹی، کراچی ۷۵۴۰۰، پاکستان

☆ آپ ہمیں csd@efulife.com پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

☆ آپ ہمیں 34537519 (21 92) اور 34537512 (21 92) پر فیکس بھی کر سکتے ہیں۔

☆ آپ ہمارے کال سینٹر (111-338-111) 111-EFU-111 پر رابطہ کر سکتے ہیں، جو خصوصی طور پر ہمارے تمام معزز clients کو سہولت فراہم کرنے کے لئے موجود ہے۔ ہمارے موثر اور خوش اخلاق کال سینٹر ایجنٹس آپ کی مدد کے لئے ہر وقت حاضر رہیں گے۔

☆ آپ ہم سے ہماری ویب سائٹ پر موجود ای سروسز کے ذریعہ بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ چاہیں تو اوپر دئے گئے پتے پر ہمارے ہیڈ آفس یا اپنی قریبی موجود برانچ پر حاضر ہو سکتے ہیں۔ آپ ہماری ویب سائٹ پر برانچ لوکیٹر کی سہولت کے ذریعے بآسانی اپنی قریبی شاخ معلوم کر سکتے ہیں۔